ڈائریکٹر ریجنل سندھ پولیس آفس

فون 99212639

پولیو ورالپس مہم کی سیکیورٹی کے لیے پولیس کمانڈوز کو خصوصی ذمہ داریاں سونپی جائیں: غلام قادر تھیبو

کراچی 27 اگست 2014ء۔ اڈیشنل آئی جی کراچی غلام قادر تھیبو سے سینڈل پولیس آفس میں اقوام متحدہ ڈیپارٹمنٹ برائے سیفٹی اینڈ سیکیورٹی کے امادو کارو (AMADO CARO) عالمی ادارہ برائے صحت کے ٹیم لیڈر صالح طمانش اور سیکیورٹی آفیسر مناس بیاٹو (MANNAS BAIVATU) پر مشتمل وفد نے ملاقات کی اور مشترکہ مورخہ یکم ستمبر تا تین ستمبر تین روزہ پولیو مہم کے حوالے سے پولیس سیکیورٹی اقدامات اور امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور تمام تر اقدامات و لائحہ عمل سے آگاہی حاصل کی۔ اجلاس میں زونل ڈی آئی جیز ضلعی ایس ایس پیز کراچی و دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی

اڈیشنل آئی جی کراچی نے پولیس کو ہدایات دیں کہ پولیو مہم پر مامور کیے جانیوالے میڈیکل ورکرز بشمول خواتین اسٹاف و دیگر ٹیم ممبران کی باقاعدہ فیز وار سے حوالے سے محکمہ صحت سندھ سے زونل سطح پر رابطوں کو مزید بنایا جائے۔ مالکہ کراچی کے اضلاع میں پولیو ورالپس مہم میں مصروف عملے کی سیکیورٹی کے جملہ اقدامات کو خانوں کے لحاظ سے غیر معمولی بنایا جائے

افسوں نے کہا کہ پولیو مہم کے لیے اضافی نفری کو خصوصی ذمہ داریاں سونپی جائیں اور سیکیورٹی فراہمی سے متعلق افسوں باقاعدہ بریفنگ کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں افسوں نے الرٹ ولیٹ ساتھ زونز کے اضلاع کے مختلف خانوں کے کرائم انالیسز کے تناظر میں ہدایات دیں کہ ضلع غربی کے لیے پولیس کمانڈوز کی بھی پولیو مہم سیکیورٹی کے لیے خدمات کو یقینی بنایا جائے جبکہ پولیو مہم کے دوران تمام داخلی وخارجی راستوں پر ناکہ بندی، رسکی نگرانی بلکہ جرائم سے متاثرہ علاقوں میں اسنیپ چیکنگ پکٹنگ اور پیٹرولنگ کے لیے بھی اضافی فورس اور موثر اقدامات اختیار کیے جائیں

#